© rasailojaraid.com



ملتان
نمائندہ نقیب

# ــــــ اعجاز الحق ــــــ اور ــــــ ھمایوں اختر کی

## دارِ بنی ہاشم میں آمد، اور سید عطاء المحسن بخاری سے ملاقات

جنرل محمد ضیاء الحق شہید کے فرزند جناب اعجاز الحق جنرل اختر عبدالرحمٰن شہید کے فرزند جناب ہمایوں اختر گزشتہ دِنوں ملتان، ڈیرہ غازی خان اور دیگر علاقوں کے دورہ کے سلسلے میں یہاں تشریف لائے۔ ملتان میں قیام کے دَوران انہوں نے مختلف دینی اداروں اور اہم شخصیتوں سے ملاقات کی۔ اسی سلسلہ میں وہ ۸ جون اا بجے دِن دارِ بنی ہاشم میں مجلس احرارِ اسلام کے جنرل سیکرٹری حضرت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ، سے ملاقات کے لئے تشریف لائے۔ انہوں نے ملاقات کی غرض وغایت محض ملاقات بیان کی۔ دورانِ گفتگو انہوں نے بتایا کہ ایک عرصہ سے دِل میں خواہش تھی کہ ملتان گیا تو آپ سے ضرور ملوں گا۔

انہوں نے کہا کہ نفاذِ اسلام کے لئے ہم ضیاء الحق شہید اور اُن کے ــــــ شہید رفقاء کے چھوڑے ہوئے مشن کی تکمیل کی جدوجہد میں مصروف ہیں۔ ہم پھونک پھونک کر قدم رکھ رہے ہیں۔ انشاء اللہ! وہ وقت ضرور آئے گا جب شہداء کے قاتل بے نقاب ہوں گے۔

ملک کی موجودہ صورت حال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے حالات ۱۹۴۷ء کے فسادات سے بھی زیادہ افسوسناک ہیں۔ اب ہندو سکھ کی بجائے مسلمان مسلمان کو قتل کر رہا ہے۔ قومی سیاسی رہنما اور اربابِ حکومت حالات بہتر بنانے کے لئے تیز تر جدوجہد کریں۔

اس موقع پر سید عطاء المحسن بخاری نے اُن سے فرمایا کہ آپ سے قوم کو بہت سی امیدیں وابستہ ہیں۔ میں امید رکھتا ہوں کہ آپ قوم کے اعتماد پر پورے اُتریں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو خلوصِ دِل کے ساتھ ملک اور قوم کے لئے خدمت اور جدوجہد کی توفیق عطا فرمائے۔

دونوں معزز مہمان تقریباً نصف گھنٹہ شاہ صاحب کے ساتھ رہے اس ملاقات میں مقامی مجلس احرارِ اسلام کے کارکن کثیر تعداد میں موجود تھے۔ انہوں نے نمازِ جمعہ تبلیغی مرکز احرار مسجد میں ادا کی۔

© rasailojaraid.com